## جامعہ عائشہ للبنات پترگھٹ میں بڑے ہی اہتمام کے ساتھ یوم جمہوریہ منایا گیا

سہرسہ (لطف الرحمن صمدانی علیگ) سہرسہ ضلع کے پترگھٹ بلاک وارڈ نمبر 9 میں چل رہے جامعہ عائشہ للبنات پترگھٹ کے بانی و ناظم اعلی مفتی عبدالمنان قاسمی نے اطلاع دی ہے جامعہ عائشہ للبنات میں یوم جمہوریہ کے موقع پر پرچم کشائی پترگھٹ پنچایت کی مکھیا سونم کماری نے کی اس موقع پر آئے تمام لوگوں کا گرم جوشی سے استقبال کیا گیا تمام لوگوں نے اک دوسرے کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کیں اس موقع پر پترگھٹ پنچایت کی مکھیا سونم کماری نے کہا ہے ہمارا ملک گنگا جمنی تہذیب کا مرکز ہے جسکی زندہ مثال ہر سال یوم جمہوریہ منا کر دی جاتی ہے جمہوریت میں رہ کر ہم اپنے حقوق کی پاسداری اور اسکا تحفظ کر سکتے ہیں اس موقع پر خصوصی طور پر موجود تھے امیت کمار، محمد مرشد، پنکج سنگھ، متھلیش رجک، محمد جہانگیر ،عبدالرحمن، نظام الدین، نامہ نگار محمد اسلام، مولوی مصطفی، ماسٹر رضوان، محمد فاروق وغیرہ موجود تھے جامعہ عائشہ للبنات کے صدر حافظ علی احمد نے تمام لوگوں کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کیں



## جامعہ عائشہ للبنات پترگھٹ میں بڑے ہی اہتمام کے ساتھ یوم جمہوریہ منایا گیا

سہرسہ (لطف الرحمن صمدانی علیگ) سہرسہ ضلع کے پترگھٹ بلاک وارڈ نمبر 9 میں چل رہے جامعہ عائشہ للبنات پترگھٹ کے بانی و ناظم اعلی نے اطلاع دی ہے جامعہ عائشہ للبنات میں یوم جمہوریہ کے موقع پر پرچم کشائی پترگھٹ پنچایت کی مکھیا سونم کماری کی اس موقع پر آئے تمام لوگوں کا گرم جوشی سے استقبال کیا گیا تمام لوگوں نے اک دوسرے کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کیں اس موقع پر پترگھٹ پنچایت کی مکھیا سونم کماری نے کہا ہے ہمارا ملک گنگا جمنی تہذیب کا مرکز ہے جسکی زندہ مثال ہر سال یوم جمہوریہ منا کر دی جاتی ہے جمہوریت میں رہ کر ہم اپنے حقوق کی پاسداری اور اسکا تحفظ کر سکتے ہیں اس موقع پر خصوصی طور پر موجود تھے امیت کمار، محمد مرشد، پنکج سنگھ، متھلیش رجک، محمد جہانگیر، عبدالرحمن، نظام الدین، نامہ نگار محمد اسلام، مولوی مصطفی، ماسٹر رضوان، محمد فاروق وغیرہ موجود تھے جامعہ عائشہ للبنات کے صدر حافظ علی احمد نے تمام لوگوں کو یوم جمہوریہ کی مبارکباد پیش کیں



## سول سروس کے پی ٹی امتحان کے لئے فارم 11 فروری تک
## اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں: امتیاز احمد کریمی

پٹنہ (پریس ریلیز) یو پی ایس سی نے سول سروس کے ابتدائی امتحان 2025 اور انڈین فوریسٹ خدمات (آئی ایف ایس) کے ابتدائی امتحان 2025 کے لئے نوٹیفکیشن جاری کر دئے ہیں۔ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی درخواست فارم بھرنے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ خواہش مند امیدوار ویب سائٹ www.upsc.gov.in پر جا کر درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ابتدائی امتحان 25 مئی اور مین امتحان 22 اگست سے ہوگی۔ یو پی ایس سی، سی ایس ای ابتدائی امتحان 2025 کے لئے 11 فروری شام چھ بجے تک درخواست فارم بھر سکتے ہیں۔ یہ باتیں بہار پبلک سروس کمیشن کے سابق چیئرمین امتیاز احمد کریمی نے سول سروس میں اپنی خدمات پیش کرنے کی خواہش رکھنے والے طلبا وطالبات کے مفاد میں بتائی ہیں۔ جناب کریمی نے مزید جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ امیدواروں کو فارم فیس کے طور پر 100 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ ایس سی/ایس ٹی اور معذور طبقہ کے لئے کوئی فیس نہیں ہے۔ اس سال سی ایس ای کے لئے کل 979 اور آئی ایف ایس کے لئے 150 بحالیوں کے لئے نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے۔ سول سروس امتحان کے لئے درخواست فارم بھرنے والے امیدوار کی عمر کم سے کم 21 سال اور زیادہ سے زیادہ عمر 32 سال ہونی چاہئے۔ جناب کریمی نے کہا کہ اہلیت رکھنے والے خواہش مند امیدوار ضرور فارم بھریں۔ جناب کریمی نے کہا کہ طلبا و طالبات ہر طرح کے مقابلہ جاتی امتحان کے لئے خود کو تیار رکھیں۔ کوئی بھی مقابلہ جاتی امتحان خواہ روزگار حاصل کرنے کے لئے ہو یا اعلی تعلیم کے حوصلہ کے لئے داخلہ ٹسٹ ہو، آپ ضرور فارم بھریں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی طرح کی کامیابی کے لئے محنت اولین شرط ہے۔ محنت اور لگن سے ہر منزل آسان ہو جاتی ہے۔ آپ دل و جان سے محنت کریں۔ محنت سے ہی کامیابی ملتی ہے۔ ہماری دعائیں اور نیک تمنائیں آپ کے ساتھ ہیں۔



## رکس اروما پرفیوم اور عطر کی دکان کی افتتاحی تقریب

سوپول (محمد نظام الدین اشاعتی) کوسی کمشنری ضلع سوپول نگر پریشد کے پنجاب نیشنل بینک کی گلی میں پرفیوم اور عطر کی ایک ایسی دکان کا افتتاح عمل میں آیا جہاں مشہور و معروف علمی، ادبی، سیاسی اور سماجی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ رکس اروما پرفیوم اور عطر کے نام سے خوشبو کی اس دکان کو افتتاح کے دن سے ہی بہت شہرت حاصل ہونے لگی ہے آپ نے متعدد بڑے بڑے شوروم اور دکانوں کی افتتاحی تقاریب کو دیکھا ہوگا لیکن آج ہم آپ کو ایک ایسی غیر معمولی اہمیت کی حامل دکان کا افتتاح کے بارے میں بتانے جا رہے ہیں جو کہنے کو تو بہت چھوٹی سی دکان ہے لیکن اس دکان کے افتتاح میں جو شخصیات شامل ہوئے ہیں وہ اپنے علمی، ادبی، سماجی کارناموں کی وجہ سے نہ صرف ضلع سوپول بلکہ ملک کے علمی، سماجی حلقوں میں جانی پہچانی جاتی ہیں۔ شہر سوپول کے نگر پریشد پنجاب نیشنل بینک کے گلی میں واقع رکس اروما پرفیوم اور عطر کی دکان جس کا آج باقاعدہ افتتاح قرآن کریم کی تلاوت کے ساتھ کیا گیا۔ اس کے بعد نگر پریشد سوپول کے چیئرمین جناب راغب جھاجی، جناب کھوکھا چودھری، جناب جمال الدین، جناب نسیم اقبال میتھلا ہاسپٹل سوپول، مولانا رمضان علی قاسمی صدر جمعیۃ علماء سوپول نے فیتہ کاٹ کر افتتاح کی رسم ادا کی۔ اس موقع پر رکس اروما پرفیوم و عطر کے مالک نے افتتاح کی تقریب میں پہنچے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ حضرات ہمیں ایک مرتبہ ضرور خدمت کا موقع دیں ان شاء اللہ ہم آپ کے گمان سے بہتر چیزیں آپ کو دیں گے۔ وہیں افتتاح کی تقریب میں پہنچے مفتی نہال ندوی، مفتی اکبر قاسمی، مولانا سلیم ندوی، قاری لقمان دانش، علماء اور دانشوروں کی ایک بڑی تعداد نے کہا کہ نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہے اللہ تعالیٰ اس کام میں آپ کو خوب خیر و برکت عطاء فرمائے افتتاحی تقریب کے آخر میں مولانا محمد رمضان علی قاسمی صدر جمعیۃ علماء سوپول نے اس دکان میں خیر و برکت اور ملک میں امن و امان کی دعائیں کیں۔



## وقف کی اہمیت اور اس کے تحفظ کی ضرورت

سید آصف امام کاکوی دبئی

وقف کا تصور اسلام کے اہم اصولوں میں سے ایک ہے، جس کا مقصد سماجی بہبود اور کمزور طبقے کی مدد کرنا ہے۔ ہمارے بزرگوں نے اپنی جائیدادوں کو سماج کے فائدے کے لیے وقف کیا تھا تاکہ ان سے مساجد، مدارس، قبرستان، درگاہ، اور دیگر سماجی فلاحی کاموں میں مدد ملے۔ لیکن آج وقف جائیداد کے انتظامات پر سوالیہ نشان لگ چکے ہیں، اور وقف جائیدادوں کا تحفظ ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے۔ وقف کا مطلب ہے کسی جائیداد کو اللہ کے نام پر وقف کر دینا تاکہ وہ جائیداد سماج کے کمزور اور پسماندہ طبقے کے فائدے میں استعمال ہو۔ یہ ایک ایسا صدقہ جاریہ ہے جس کا ثواب ہمیشہ کے لیے جاری رہتا ہے۔ وقف جائیداد میں زمین، عمارت، مسجد، مدرسہ، قبرستان، یا کوئی اور سماجی کام کے لیے دی گئی جائیداد شامل ہو سکتی ہے۔ وقف کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ: غریبوں اور یتیموں کی مدد کی جائے تعلیم، صحت، اور بنیادی سہولیات میں بہتری لائی جائے سماج کے کمزور طبقے کو مضبوط بنایا جائے آج وقف جائیداد پر انتظامیہ کے دائرے اور سرکاری مداخلت نے کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ حال ہی میں پیش کیے گئے وقف ترمیمی بل کے تحت وقف جائیداد کو 'وقف اثاثہ' کے طور پر سرکاری کنٹرول میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس بل کے ذریعے حکومت کو وقف جائیدادوں پر زیادہ کنٹرول دیا جا رہا ہے، جو نہ صرف مسلمانوں بلکہ دیگر مذاہب کے مذہبی اور ثقافتی اداروں کی آزادی پر بھی اثر ڈال سکتا ہے۔ حالیہ اجلاس میں اپوزیشن کے پیش کردہ ترمیمات کو نظر انداز کیا گیا اور صرف حکومتی ترمیمات کو منظور کیا گیا۔ اس طرح کی کارروائی جمہوری عمل کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ وقف جائیداد پر بحث کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وقف جائیداد پر سرکاری کنٹرول سے سماج میں غیر یقینی اور عدم تحفظ کا ماحول پیدا ہوگا۔ یہ مذہبی اداروں کی آزادی کے ساتھ ساتھ سماجی بہبود کے کاموں کو بھی متاثر کرے گا۔ وقف جائیداد ہمارے بزرگوں کی امانت ہے، جو انہوں نے اللہ کے نام پر سماج کی بھلائی کے لیے دی تھی۔ اس جائیداد کو بچانا ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ وقف جائیدادوں کا انتظام اسی کمیونٹی کے پاس ہونا چاہیے جس نے انہیں وقف کیا ہے۔ کسی اور مذہب یا حکومت کی مداخلت سے نہ صرف مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے گی بلکہ یہ جائیدادوں کے غلط استعمال کا بھی سبب بن سکتا ہے۔ وقف جائیداد کا مقصد سماج کے کمزور طبقے کو سہارا دینا ہے۔ اس جائیداد کا غلط استعمال یا سرکاری کنٹرول ان لوگوں کے حقوق کے خلاف ہوگا جو ان پر منحصر ہیں



## مدرسہ صفیہ للبنات للجہ سہرسہ میں یوم جمہوریہ بڑے جوش کے ساتھ منایا گیا

سہرسہ (لطف الرحمن صمدانی علیگ) 26 جنوری بروز اتوار 2025 کو مدرسہ صفیہ للبنات شمالی ٹولہ للجہ سہرسہ میں بڑے تزک و اہتمام کے ساتھ یوم جمہوریہ منایا گیا اسی موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ناظم مدرسہ ہذا حضرت مولانا صادق صاحب قاسمی نے طلبہ وطالبات کیلئے میدان عمل میں بڑھنے اور اس مسابقتی دور میں آگے آنے کیلئے حمد و نعت خوانی اور مختلف زبان میں تقریر و خطابت کے پروگرام کا انعقاد کروایا یہ مولانا موصوف کی طلبہ کے تئیں ایک فکر ہے کہ ہمارے طلبہ کسی بھی لائن میں پیچھے نہ رہیں اللہ مولانا کو لانبی زندگی عطاء کرے تاکہ شمع جلتا رہے اور ملتا رہے پروانے کو فروغ آمین صبح کچھ دن کے روشن ہونے کے بعد سرپرست مدرسہ ہذا حضرت مولانا یوسف صاحب کے دست مبارک سے پرچم کشائی کی رسم ادا کی گئی اور پھر شاعر مشرق حکیم الامت مفکر اسلام ڈاکٹر محمد علامہ اقبال کا لکھا ہوا ترانہ جو ہندوستان کی خوبصورتی کو بیان کرتا ہے جس کو ترانۂ ہندی کہا جاتا ہے محبین وطن کی ایک بڑی تعداد کے بیچ پڑھا گیا پھر اس پرچم کشائی کے رسم کا اختتام تالیوں کی گنگناہٹ اور تقسیم مٹھائی پے ہوئی پھر کچھ دیر بعد طلبہ وطالبات کا پروگرام شروع ہوا جس کی ابتداء قرآن کریم سے مدرسہ کے استاذ حافظ وقاری اشرف نے کی اور مداح رسول قاری ناصر صاحب نے نعت پیش کی جب کہ نظامت کی اہم ذمہ داری ڈاکٹر محمد ذاکر صاحب انجام دے رہے تھے اس کے بعد طلبہ وطالبات کے نعت و تقریر کا ایک طویل سلسلہ جاری رہا تمام مساہمین نے اپنی محنت کا جوہر دکھایا شریک سینکڑوں کی تعداد میں گاؤں کی اہم اہم شخصیات نے طلبہ کی محنت کو سراہتے ہو دعائیں دی اور حضرت مولانا صادق صاحب قاسمی کی اس سعئ حسین کو داد تحسین پیش کیا اور ان سے مستقبل کی اچھی امید جتائی اس موقعہ پر تشریف فرما سرپنچ مجاہد حسین صاحب و سمیتی فیروز عالم و علی حسن و کلیم الدین و غلام رسول و مولانا عبدالصمد و امین طالب صاحبان نے کہا کہ واقعی یہاں پر طلبہ بہت محنتی ہیں اسی طرح پروگرام کے بعد لوگوں کا تاثر بڑا اچھا رہا لوگوں نے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس طرح بحسن و خوبی پروگرام انجام تک پہنچا اللہ ادارے کو ترقی در ترقی دے آمین





## مدرسہ اسلامیہ تعلیم القران کہراکٹی میں بڑے ہی اہتمام کے ساتھ یوم جمہوریہ منایا گیا

سہرسہ (ایس این بی) ضلع سہرسہ کے کہراکٹی بلاک میں مدرسہ اسلامیہ تعلیم القران کہراکٹی کے ناظم اعلیٰ مولانا فرقان جامعی نے بتایا ہے کہ ہمارے مدرسہ میں بڑے ہی شاندار انداز میں یوم جمہوریہ کی تقریب منعقد کی گئی ہم اپنی جانب سے تمام باشندگان ہند کو یوم جمہوریہ کی پر خلوص مبارکباد پیش کرتے ہیں اور خصوصی طور پر اراکین جامعہ اور اساتذہ کرام کی محنت کا ثمرہ ہے یوم جمہوریہ کے موقع پر مولانا فرقان جامعی ناظم اعلیٰ مدرسہ اسلامیہ تعلیم القران کہراکٹی نے پرچم کشائی کی اسکے موقع پر حافظ احمد الحق، حافظ ابوہریرہ، مدرسہ کے سکریٹری عالم وغیرہ موجود تھے




## گائے گھاٹ میں ٹریفک او پی کا افتتاح

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

ٹریفک کنٹرول کے لیے عالم گنج تھانہ علاقے میں گیا گھاٹ مہاتما گاندھی پل کے نیچے سلطان گنج پولیس اسٹیشن کے ٹریفک او پی کو کھولا گیا۔ جس کا افتتاح ٹریفک پولیس سپرنٹنڈنٹ اپراجیت لوہن نے کیا۔ اس دوران پٹنہ ٹریفک-4 امیت کمار اور دیگر اہلکار بھی موجود تھے۔ نیا کھلا سلطان گنج ٹریفک پولیس اسٹیشن مکیش کمار کو (او پی) کا انچارج بنایا گیا ہے۔ موقع پر پولیس سپرنٹنڈنٹ ٹریفک اپراجیتا لوہن نے بتایا کہ سلطان گنج پولیس اسٹیشن ٹریفک او پی گنگا پاتھ کو مدنظر رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے۔ اس سڑک پر گاڑیاں انتہائی تیز رفتاری سے چلائی جا رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی، بائیکرز گینگ کے نام سے مشہور کچھ لوگ گنگا پاتھ کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ یہ او پی ان پر کڑی نظر رکھنے میں کارگر ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہاتما گاندھی سیتو اور دیگر مقامات سے جو لوگ یہاں آتے ہیں۔ ان کا پورا رابطہ سلطان گنج پولیس اسٹیشن سے ہوتا ہے۔ یہاں ٹریفک کا ضابطہ گنگا پاتھ کے علاقے میں آتا ہے۔ ایسے میں اگر وہاں کوئی حادثہ ہوتا ہے تو یہ او پی کام کرے گی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ سی سی ٹی وی لگانے کی تجویز میونسپل کارپوریشن کو بھیج دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹنہ میں 40 مقامات پر خصوصی داخلی اور خارجی راستے ہیں۔ خودکار نمبر پلیٹ ریکگنیشن کیمرہ وہاں نصب کیا جانا ہے۔ کارپوریشن سے منظوری ملتے ہی کیمرے لگانے کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ نو پارکنگ کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہر روز نو پارکنگ اور دیگر ذرائع سے ایک لاکھ روپے کا چالان جاری کیا جا رہا ہے۔ اس کے لیے پٹنہ میں کرین رکھی گئی ہے۔ پٹنہ شہر کے علاقے میں جلد ہی ایک کرین بھی دستیاب کرائی جائے گی۔



## مولانا آزاد پارامیڈیکل میں یوم جمہوریہ پر ثقافتی تقریب

### ڈائرکٹر ایس حمید اللہ پالوی نے پرچم کشائی کی، ڈاکٹر عقیل صدیقی اور عنایت اللہ پالوی نے طلبا و طالبات کو نوازا

پٹنہ (پریس ریلیز) مولانا آزاد پارامیڈیکل ٹریننگ سنٹر اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پٹنہ میں یوم جمہوریہ تقریب کے موقع پر شاندار ثقافتی پروگرام کا انعقاد ہوا۔ انسٹی ٹیوٹ کے مینیجنگ ڈائرکٹر ایس حمید اللہ پالوی نے انسٹی ٹیوٹ کے احاطے میں پرچم کشائی کی۔ پرچم کشائی سے قبل ڈائرکٹر حمید اللہ پالوی نے طلبا و طالبات سے خطاب کیا اور انہیں آگے بڑھنے اور مستقبل کو روشن کرنے کی ترغیب دی۔ پرچم کشائی کے بعد شاندار ثقافتی پروگرام منعقد ہوا۔ اس موقع پر کالج کے اسسنٹ پروفیسروں کو حمید اللہ پالوی نے اعزاز سے نوازا جب کہ ثقافتی پروگرام میں بہتر پرفارمینس پیش کرنے والوں کو کالج کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر عقیل صدیقی نے اعزاز بخشا۔ پیپر پرزنٹیشن میں اچھی کارکردگی پیش کرنے والے کو کالج کے پرنسپل ڈاکٹر عنایت اللہ پالوی کے ہاتھوں نوازا گیا۔ ثقافتی پروگرام کو کامیاب بنانے میں کالج کے کنٹرولر آف اکزامنیشن ڈاکٹر کاجل ساہ نے اہم کردار ادا کیا۔ پروگرام کی نظامت کی ذمہ داری پلوی سہنی اور تسمیہ نے بخوبی نبھائی۔ شکریہ کی تجویز کالج کے چیپرپرسن حسین صبا نے پیش کی۔ اس موقع پر انسٹی ٹیوٹ کے مینیجنگ کمیٹی کے تمام ارکان اور کالج کے سبھی طلبا و طالبات نے اپنی موجودگی سے پروگرام کو یادگار بنایا۔






## سوشل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا کے دربھنگہ ضلع ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی




دربھنگہ (اعجاز احمد اصلاحی) سوشل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا کے دربھنگہ ضلع ورکنگ کمیٹی کی ایک اہم میٹنگ پارٹی کے ضلعی انچارج منظر عالم کی صدارت میں علی نگر اسمبلی حلقہ کے مزار پور میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں کیرالہ سے تشریف لائے نیشنل ورکنگ کمیٹی کے رکن عبدالسلام نے پارٹی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع ضلع میں پارٹی کو مستحکم اور توسیع کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اسمبلی کمیٹیوں بلاک کمیٹیوں برانچ کمیٹیوں کی تشکیل نو روز دیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی لیڈر امجد اقبال، حافظ عبدالسلام، ایڈوکیٹ مرشد عالم، ایڈوکیٹ ادیب الدین، ماسٹر فخر عالم، انظر عالم وغیرہ موجود تھے۔

## موبائل اور چین اسنیچنگ میں ملوث دو مجرم گرفتار

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

تھانہ چوک پولیس نے موبائل چھیننے والے اور چین اسنیچرز کو گرفتار کر لیا۔ اس کے علاوہ لوٹے گئے موبائل فون اور دیگر سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ چھیننے کے دوران استعمال ہونے والی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی ہے۔ اس معاملے میں پٹنہ سٹی کے ڈی ایس پی-2 ڈاکٹر گورو کمار نے بتایا کہ 27 جنوری کو اطلاع ملی تھی کہ کالے رنگ کی اپاچی موٹر سائیکل پر سوار دو افراد موبائل فون اور چین چھیننے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ معلومات کی تصدیق کے لیے، پولیس سپرنٹنڈنٹ، سٹی (ایسٹ)، پٹنہ کی قیادت میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی۔ منظم ٹیم نے رات 45:10 پر ہریمندر گلی کا محاصرہ کیا اور دو افراد کو مشکوک حالت میں سیاہ رنگ کی اپاچی موٹر سائیکل کے ساتھ پکڑ لیا۔ تلاشی لینے پر لاکیٹ، ٹاپس اور موبائل برآمد ہوا۔ پٹنہ سٹی کے ڈی ایس پی-2 ڈاکٹر گورو کمار نے بتایا کہ مجرموں کے پاس سے سات سکرین ٹچ موبائل فون، ایک سونے جیسا لاکٹ، سونے جیسا ٹاپ اور ایک سیاہ رنگ کی چوری شدہ اپاچی موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار مجرموں میں ......روپس پور تھانہ علاقہ کے رکن پورہ کے رہنے والے سریش سنگھ کا 22 سالہ بیٹا وپن کمار اور آریہ سماج گلی، اسٹیشن روڈ، خسرو پور تھانہ علاقہ کے رہنے والے شراون پرساد کا ایک 20 سالہ بیٹا آدی کمار عرف چھوٹو ہے۔ وپن گرفتار پاٹلی پترا پولس تھانہ مقدمہ نمبر 53/25 میں اور شاستری نگر پولیس اسٹیشن مقدمہ نمبر 59/25 میں ملوث تھا۔ جبکہ آدی کمار عرف چھوٹو کے خلاف تھانہ پاٹلی پتر میں مقدمہ نمبر 417/24 پہلے ہی درج ہے۔



## ملک کے آئین میں ہمیں برابری کا حق دیا گیا ہے: صدرِ عالم نعمانی

ابرار نعمانی سیتامڑھی ۔۔۔ یوم جمہوریہ کے موقع پر جامعہ نعمانی مصباح العلوم ہرپور وا عالم نگر باجپٹی سیتامڑھی میں پرچم کشائی کرنے کے بعد مدرسہ کے مہتمم مولانا محمد صدرِ عالم نعمانی صدر علماء بورڈ ہند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم سب لوگ 76 واں جشن یوم جمہوریہ منا رہے ہیں ہمارا ملک 15 اگست 1947ء کو آزاد ہوا اور پھر 26 جنوری 1950ء کو ہمارے ملک میں جمہوریت لاگو ہوئی اور ہمیں مکمل طور پر اپنا قانون مل گیا، اس ملک کو آزاد کرانے میں ملک کے نامور سیاسی ملی قائدین نے اہم رول ادا کیا یہی وجہ ہیکہ ملک کو آزاد کرانے میں کئی ہزار علماء کو پھانسی کے پھندے پر لٹکنا پڑا اور اس ملک کی خاطر جان گنوانی پڑی اس پروگرام میں بڑی تعداد میں مقامی لوگوں نے شرکت کی ان میں محمد بشیر احمد سکریٹری مدرسہ ہذا ابرار الحق نعمانی، شبیر احمد، افتخار احمد، ارشاد احمد، محمد ارشد وغیرہ قابل ذکر ہیں



## ایمبولینس میں لے جانے والی انگریزی شراب کے نو کارٹن ضبط کر لئے گئے

پٹنہ سٹی (محمد فیض)

محکمہ ایکسائز اینڈ پروہیبیشن کی ٹیم نے ایمبولینس کے ذریعے لے جائی جانے والی انگریزی شراب کو قبضے میں لے لیا۔ معاملے میں اسسٹنٹ پروڈکٹ کمشنر پریم پرکاش نے بتایا کہ خفیہ اطلاع ملتے ہی ایس آئی کلونت کمار کی قیادت میں ایک ٹیم تشکیل دی گئی اور اگمکوان تھانے کے بھاگوت نگر کے بدھسٹ وہار فیز 2 کے قریب سے گزرنے والی ایمبولینس کو پکڑا گیا۔ علاقے پر قبضہ کر لیا گیا۔ جب اس کی تلاشی لی گئی تو اس کے پاس سے 432 ٹیٹرا پیک (80 لیٹر) انگریزی شراب جو یو پی میں تیار کی گئی تھی ضبط کی گئی اور اسے نو کارٹنوں میں رکھا گیا۔ اس کی تخمینہ قیمت تقریباً ایک لاکھ روپے ہوگی۔



روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

## دفاعی ساز و سامان خریدنے پر اصرار اور تجارتی تعلقات میں برابری، ٹرمپ انتظامیہ انڈیا سے کیا چاہتی ہے؟

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انڈیا کے وزیر اعظم نریندر مودی کو کہا ہے کہ وہ مزید امریکی دفاعی ساز و سامان خریدیں۔ پیر کو ٹیلیفون پر ہونے والی گفتگو کے دوران صدر ٹرمپ نے وزیرِ اعظم مودی کو کہا کہ امریکہ اور انڈیا کے دوران باہمی تجارت برابری کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی ٹیلیفونک گفتگو کے بعد وائٹ ہاؤس کی جانب سے اس کا اعلامیہ بھی جاری کیا گیا تھا۔ یہ ڈونلڈ ٹرمپ کے بطور صدر حلف اُٹھانے کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی پہلی گفتگو تھی۔ صدر ٹرمپ اور وزیرِ اعظم مودی کے درمیان جلد ملاقات متوقع وائٹ ہاؤس سے جاری اعلامیے کے مطابق صدر ٹرمپ اور وزیرِ اعظم مودی کے درمیان تفصیلی گفتگو ہوئی جن میں انڈین وزیرِ اعظم کا دورہ وائٹ ہاؤس بھی شامل ہے۔ انڈین میڈیا کے مطابق وزیرِ اعظم مودی کی جلد ہی صدر ٹرمپ سے ملاقات متوقع ہے۔ انڈین اخبار ہندوستان ٹائمز کے مطابق وزیرِ اعظم مودی فروری کے دوسرے ہفتے میں آرٹیفشل انٹیلیجنس سمٹ میں شرکت کرنے کے لیے پیرس جا رہے ہیں اور وہ وہاں سے واشنگٹن روانہ ہو جائیں گے۔ بلومبرگ کے مطابق صدر ٹرمپ نے اپنے خصوصی طیارے ایئر فورس ون پر صحافیوں کو بتایا کہ 'میرِی ان (وزیرِ اعظم مودی) سے تفصیلی گفتگو ہوئی ہے اور وہ اگلے مہینے وائٹ ہاؤس آئیں گے۔' دوسری جانب انڈین وزارتِ خارجہ کی جانب سے جاری ایک علیحدہ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں رہنماؤں کی ملاقات جلد ہی باہمی اتفاق سے طے کی گئی تاریخ پر ہوگی۔ اس بیان میں مزید کہا گیا تھا کہ وزیرِ اعظم مودی اور صدر ٹرمپ کے درمیان گفتگو کے دوران ٹیکنالوجی، تجارت، توانائی اور دفاعی تعاون جیسے موضوعات پر بات ہوئی ہے۔ امریکہ اپنے اتحادی انڈیا سے دفاعی ساز و سامان خریدنے پر اصرار کیوں کر رہا ہے؟ صدر ٹرمپ اور وزیرِ اعظم مودی کے درمیان ہونے والی گفتگو کے بعد انڈیا اور امریکہ کی جانب سے جاری کردہ بیانات میں کوئی زیادہ فرق نہیں۔ لیکن وائٹ ہاؤس کے بیان میں ایک چیز اہم تھی جس میں انڈیا سے کہا گیا تھا کہ وہ امریکہ سے مزید دفاعی ساز و سامان خریدیں اور تجارتی تعلقات بھی برابری کی سطح پر رکھیں۔ رینڈ کارپوریشن تھنک ٹینک سے منسلک تجزیہ کار ڈیرک گروسمین کہتے ہیں کہ 'ٹرمپ نے مودی کو وائٹ ہاؤس آنے کی دعوت تو دی ہے لیکن ساتھ ہی دونوں ممالک کے درمیان سٹریٹجک تعلقات آگے بڑھانے کے لیے شرائط بھی عائد کر دی ہیں۔ ٹرمپ نے اصرار کیا ہے کہ امریکی دفاعی ساز و سامان خریدا جائے اور باہمی تجارت کو بھی متوازن رکھا جائے۔' امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اکثر انڈیا کو 'ٹیرف کنگ' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ ان کا مطلب یہ ہے کہ انڈیا امریکہ میں زیادہ چیزیں فروخت کرتا ہے اور وہاں سے کم اشیا خریدتا ہے۔ اپنے پہلے دورِ صدارت میں ٹرمپ انڈیا کا جی ایس پی سٹیٹس معطل کر دیا تھا۔ اس سے قبل انڈیا کو امریکہ تک کچھ ڈیوٹی فری چیزیں ایکسپورٹ کرنے کی اجازت تھی۔ اس وقت امریکہ کا موقف تھا کہ انڈیا نے اپنی مارکیٹ تک امریکہ کی رسائی میں رُکاوٹ ڈالی ہوئی ہے جس کے سبب امریکہ کی معیشت پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ بلومبرگ کے مطابق انڈیا کی حکومت صدر ٹرمپ کے دور میں آنے والے چیلنجز سے نمٹنے کی تیاریاں کر رہی ہے۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر ڈونلڈ ٹرمپ انڈیا پر ٹیرف لگانے پر اصرار کرتے ہیں تو وزیرِ اعظم مودی کی حکومت کوئی تجارتی معاہدہ کرنے پر آمادگی کا اظہار کرے گی۔

# بچپن کی تباھی کا ذمے دار کون؟

ریاض فردوسی۔ 9968012976

اہم بات!

این سی آر بی کے اعداد و شمار کے مطابق 2018ء سے ہر سال 10 ہزار سے زیادہ طلباء کسی نہ کسی وجہ سے خودکشی کر چکے ہیں۔ 2021ء میں خودکشی کے کل 164033 واقعات میں سے طلباء کی تعداد 13089 تھی۔ خطرناک بات یہ ہے کہ خودکشی کرنے والوں میں طلبہ کا تناسب بڑھ رہا ہے۔ آج کے دور میں بچوں پر پڑھائی کا بہت زیادہ دباؤ ہے، جو ان کے ذہنی دباؤ کی وجہ بھی ہے۔ پڑھائی میں اچھی کارکردگی کا دباؤ، ناکامی کا خوف اور توقعات کا بوجھ انہیں پریشانی اور ڈپریشن کا شکار بنا رہا ہے۔ نیشنل مینٹل ہیلتھ سروے آف انڈیا کے مطابق، ملک میں 40٪ سے 90٪ نوجوانوں کو ڈپریشن کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور کئی دیگر مسائل کا بھی سامنا ہے۔ وہ بہت سے ذہنی چیلنجوں کا سامنا کر رہے ہیں اور بعض اوقات منشیات کا استعمال بھی شروع کر دیتے ہیں۔ کئی بار نوعمروں کو غنڈہ گردی، نسل پرستی اور دقیانوسی تصورات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے وہ خود کو تنہا محسوس کرتے ہیں۔ اکثر بچے اس معاملے میں کسی اور سے مدد بھی نہیں مانگتے۔ ایسی حالت میں یہ تناؤ ان کی پڑھائی میں کارکردگی کو کمزور کر دیتا ہے اور ان کا تناؤ مزید بڑھ جاتا ہے۔ آج ہر بچے پر پڑھائی میں اچھی کارکردگی کا دباؤ ہے۔ یہ دباؤ کہیں نہ کہیں ان کی جسمانی اور ذہنی صحت دونوں کو متاثر کرتا ہے۔ انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ (آئی سی ایم آر) کے ذریعہ کرائے گئے ایک سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ بھارت میں 12 سے 13 فیصد طلباء نفسیاتی، جذباتی اور خراب رویے کے مسائل کا شکار ہیں۔ جیسے جیسے پڑھائی کا دباؤ بڑھتا ہے، یہ جدوجہد بھی بڑھتی جاتی ہے۔ ایسے میں یہ بہت ضروری ہے کہ ماں باپ بچوں کی ذہنی کیفیت کو بروقت پہچانیں اور اسے سنبھالیں۔ قدیم زمانے میں تعلیم و تربیت کے لیے خصوصی ادارے نہیں تھے۔ اس دور میں ساری کی ساری تعلیم و تربیت غیر رسمی تھی۔ بچے ہر بات اپنے بزرگوں سے سیکھتے تھے۔ بچے اپنے ماں باپ کی نقل کر کے خاندانی ڈھانچے میں ڈھلتے تھے۔ بہادر کا لڑکا بہادر ہوتا تھا، شکاری کا لڑکا شکاری ہوتا تھا، تاجر کا بیٹا تاجر بنتا تھا، لڑکیاں اپنی ماؤں کی نقل کر کے ان کی عادات اور کام کرنے کا طریقہ سیکھ لیتی تھی۔ اس کے بعد لڑکے اور لڑکیاں پاس پڑوس کے عادات و اطوار سے بھی متاثر ہوتے تھے۔ ایک اچھا گھر اور گرد و پیش کی تہذیب بچے کو بہت زیادہ متاثر کرتا ہے۔ اخلاقی برائیوں سے بچاتا ہے، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت کرنا سکھاتا ہے، جسمانی صفائی اور عمدہ کردار کی عادت پیدا کرتا ہے۔ مذہبی اور اخلاقی تعلیم گھر ہی سے ملتی ہے۔ گھر سے ہی محبت، تحفظ، محنت اور ہمدردی کا سبق ملتا ہے۔ اس طرح گھر بچے کو اچھا یا برا انسان بننے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اکثر تہذیب کی ترقی خود اپنے گھر کو منتشر کرنے کا مادہ رکھتی ہے، مشینی دور کے آنے سے لوگوں کی سماجی اور اقتصادی زندگی میں بڑا فرق آ گیا ہے۔ جس گھر کے ماں اور باپ دونوں کمانے کے لیے گھر سے باہر چلے جاتے ہیں، وہاں گھریلو زندگی کا قائم رہنا بہت مشکل ہو جاتا ہے اور ان حالات میں گھر کو بچوں کے لئے تعلیم و تربیت وسیلہ نہیں بنایا جا سکتا۔ ایک مستحکم، مطمئن اور پرامن سماج میں گھروں کے ذریعہ بچوں کی اچھی نگہداشت کا امکان ہوتا ہے، جبکہ گھروں میں ماں، باپ، بھائی، بہن اور بڑوں کی آپسی تکرار سے بچے برباد ہو جاتے ہیں، غلط راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ بچوں کو گھر کے ماحول سے جس قسم کی تربیت ملتی ہے، ویسے ہی اخلاق، عادات اور اوصاف ان میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ عام طور پر والدین اپنے بچوں کو بہترین انسان بنانا چاہتے ہیں، لیکن اس آرزو کے باوجود بھی اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وہ انسانیت کا بدترین نمونہ بن کر اپنے گھروں سے نکلتے ہیں۔ اس کی وجہ ماں باپ یا دونوں کی آپسی لڑائی اور جھگڑا، بے جا تکرار، بے جا محبت، دوسروں کے توجہ دلانے پر بھی وہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں "بچہ" ہے ٹھیک ہو جائے گا اور آخر میں اس بچے کی اخلاقی پستی سارے گھر کے لیے، سماج کے لیے بدنامی اور ذلالت کا سبب بن جاتی ہے۔ بچہ پر عموماً والدین کی خوش اخلاقی یا بد اخلاقی اثر انداز ہوتی ہے، اس لیے والدین کو اپنے بچوں کی اصلاح سے قبل اپنی اصلاح کرنی چاہیے۔ اخلاقی تربیت میں سب سے پہلی اور اہم تربیت اطاعت اور فرمانبرداری ہے، اگر والدین بچوں کے سامنے اپنے ماں باپ اور بڑوں کی اطاعت و فرماں برداری کرتے ہیں تو ان کے بچوں میں بھی اپنے ماں باپ اور بڑوں کے لئے اطاعت اور فرمانبرداری کا جذبہ پیدا ہوگا۔ اگر ماں باپ ایسے نہیں ہیں تو کسی اخلاقی تربیت کے لیے آئیندہ کوئی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی ہے۔ اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیے کہ بچوں کی مار پیٹ کے ذریعے اصلاح نہیں ہو سکتی ہے۔ بچہ جو کچھ اپنے گرد و پیش دیکھتا ہے، بغیر سوچے سمجھے وہ اس کی تقلید کرنے لگتا ہے۔ بچہ کچھ نہ کچھ سیکھتا ہے۔ وہ اپنے والدین، بھائی، بہن عزیز و اقارب اور اپنے ساتھ کھیلنے والے ہمجولیوں سے سیکھتا ہے۔ باپ گھر کا ناظم اعلیٰ ہوتا ہے۔ اس کو چاہیے کہ وہ اپنے افعال، اقوال اور کردار سے اپنے گھر اور اس کے ماحول کو ایک بہتری نمونہ بنائے۔ گھر کے تمام لوگ اس کے احکام کے پابندی کریں۔ سب لوگ پابندی اوقات کی عادی ہوں۔ ماں باپ خوش طبع، بردبار، بے غرض، محنتی اور سچے ہوں۔ جب بچہ مخلوط ماحول سے گزرے تو اس پر ماں باپ کے ذریعے بنا بچے کو بتائے کڑی نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے، کیونکہ دوسرے ماحول کے خطرناک اثرات اس بچے کی پاک اور صاف ذہن میں شامل ہو کر اس کو خراب کر دیتے ہیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایک بچہ نہایت ذہین ہوتا ہے، لیکن چند دنوں بعد ہی وہ ہر اعتبار سے نا اہل ثابت ہونے لگتا ہے۔ جب بچہ کبھی کسی بھی امتحان میں ناکامیاب ہو تو ماں باپ کو اس وقت اس کا اور زیادہ خیال رکھنا چاہیے، اس کے اندر نا امیدی پیدا ہونے نا دیں، بلکہ اس کے اندر خود اعتمادی بڑھائیں کہ 'کوئی بات نہیں نا کامیابی، کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے' اس وقت اسے کامیاب انسانوں کے واقعات سنائے، سب سے بڑھ اسے محمد ﷺ کی باتیں بتائیں کہ کیسے آپ ﷺ نے اکیلے دم پر اللہ کی مدد اور خود پر اعتماد کرتے ہو لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف گامزن کیا اور ایک بہترین اور مثالی سماج قائم کیا۔

چند باتوں کا خیال رکھنا چاہیے!

ایثار و قربانی۔

بچے کے اندر ایثار و قربانی کا جذبہ پیدا کرنا چاہیے۔ اسے بتایا جائے کہ ایک چیز کی اسے خود ضرورت ہونے کے باوجود وہ اگر اس کو اللہ کے راستے میں، اللہ کی رضا کے لیے، کسی کمزور کی مدد کے ل اسے دے دیتا ہے، یہی ایثار ہے، جو اللہ کو بہت پسند ہے، اگر والدین اسے کچھ دیں تو اپنے بھائی بہنوں کے ساتھ مل بانٹ کر تقسیم کرے۔ اگر بچہ کلاس روم میں جائے تو اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنی چیزیں شیئر کرے۔

چوری۔

بچپن میں جب بچہ دوسروں کی چیزیں لے لے۔ تو والدین کو چاہیے کہ اسے واپس کرا دیں اور اگر بچہ چیزیں چھپا لے تو سمجھ لینا چاہیے کہ بچے کے اندر خراب عادت پڑ رہی ہیں۔ اس صورت میں بچے کو مارنے پیٹنے کے بجائے اسے اس کی غلطی کا احساس کرانا چاہیے اور چیزیں واپس کرا دینا چاہیے۔

ظلم۔

بچوں کو اکثر دوسرے کمزور اپنے سے چھوٹے بچوں کو مارنے اور ستانے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ ایسے بچوں کو نصیحت آمیز کہانیاں جن میں ظلم کی خطرناک نتائج پائے جاتے ہوں، سنانا چاہیے اور جب تک اس کی چھوٹوں پر ظلم کرنے کی عادت نہ چھوٹے اس کے ساتھ محبت اور مہربانی کا سلوک کرنا بند کر دینا چاہیے۔ ہوشیار اور لائق ماں باپ کی محبت کا مظہر بچہ کی تربیت ہے۔

سزا۔

جسمانی سزا سے جہاں تک ممکن ہو پرہیز کرنا چاہیے، بچے کی بار بار کی غلطی پہلے تو سمجھا کر ہی درست کرانا چاہیے۔ اگر تب بھی بار بار غلطی ہو تو بچہ جس چیز میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے، اسے الگ رہنے کی سزا دی جائے، مثلاً اگر کرکٹ یا کسی کھیل میں دلچسپی ہے تو اس پر پابندی عائد کر دی جائے کہ جب تک غلطی نہیں ٹھیک کرو گے، تب تک پابندی ہے۔ جس کا نتیجہ عام طور پر اچھا ہی نکلتا ہے۔ بعض بچے مار کھانے کے بعد ڈرپوک ہو جاتے ہیں۔ جن بچوں کو ہمیشہ مار پڑتی ہے، وہ بچے ذہنی اعتبار سے بھی کمزور ہو جاتے ہیں، وہ کبھی کھل کر اپنی صلاحیتوں کا استعمال نہیں کر پاتے ہیں۔

انعامات۔

اچھی کارکردگی پر بچوں کو انعامات دے کر زیادہ سرگرم بنایا چاہیئے۔ انعام سے ان میں شوق، حق شناسی اور مقابلے میں کام کرنے اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ بچے کو یہ بتایا جا کہ اگر اچھا رزلٹ آیا تو سیر و تفریح کے لیے ہم لیں جائیں گے۔

ڈر و خوف۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ مائیں بچوں کو قابو میں لانے کے لیے ڈراتی ہیں، جس سے بچہ سہم جاتا ہے اور شرارت سے باز آ جاتا ہے، مگر اس کا اثر اس کے ذہن پر برابر پڑا رہتا ہے اور وہ ڈرپوک بن جاتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو ڈر و خوف سے بچانے کی کوشش کریں۔ بعض مدرسوں میں بچے کو اس قدر ڈرا دھمکا کر رکھا جاتا ہے اور ان سے مدرسے کے ل چندہ کرایا جاتا ہے، وہ بچے جب امام بنتے ہیں اور مسجد میں جمعہ کا خطبہ دیتے ہیں، وہاں بھی وہ سچ بول نہیں پاتے ہیں تا عمر وہ عجیب ڈر کے سائے میں رہتے ہیں۔ زیادہ تر وہ بچے جنہیں ڈرا کر رکھا جاتا ہے یا تو مسجد کے کمیٹی کے افراد کے چاپلوس بن جاتے ہیں یا کسی کرمنل کی چاپلوسی شروع کر دیتے ہیں، حتی کہ وہ قوم و ملت کے لیے زہر قاتل کا کام کرتے ہیں۔ ان میں خودداری پائے ہی نہیں جاتی ہے (الا ماشاءاللہ)

حسد۔

بچہ دوسروں کی چیزیں دیکھ کر خواہش کرتا ہے، کہ وہ چیز اس کے پاس بھی ہو، اس کی یہ بھی خواہش ہوتی ہے کہ دوسرے بچوں کے پاس وہ کھلونے نہ ہوں جو اس کے پاس ہیں اور دوسرے بچوں کے کھلونے بھی اسے مل جائیں۔ اس قسم کی خواہشات بچپن میں دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنے یا خود اپنے بہن، بھائیوں کی چیزیں دیکھ کر پیدا ہوتی ہے۔ جو آہستہ آہستہ بڑھ کر خراب برائی بن جاتی ہے، جو سماج میں اس کی ناکامیوں، دشواریوں اور مصائب کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے۔ اس لیے کمسن سے ہی کوشش کرنی چاہیے کہ بچے میں یہ عادت پیدا ہی نہ ہونے پائے۔ ان کو کھلونا، غذا و لباس میں ایک یکسانیت پیدا کر کے ان کے ذہن سے ایسے خیالات کے نقوش مٹا دینا چاہیے۔ بچوں کو تعلیم دلانا والدین کا اولین فرض ہے اور تعلیم حاصل کرنا بچے کا بنیادی حق ہے۔ تعلیم کے ذریعے ہی بچے کی ہمہ گیر نشوونما ہوتی ہے۔ تعلیم کے دوران بچوں پر امیری، غریبی، شہری اور دیہاتی فرق کو اثر انداز نہ ہونا چاہیے۔ بچوں کو ہمہ گیر ترقی کے لیے تعلیم ضروری ہے۔ ابتدائی تعلیم بچوں میں اچھی عادتیں ڈالتی ہے، بچوں کو اپنے خاندان سے جوڑتی ہے اور قوم و ملت کی ترقی میں معاون ہوتی ہے۔ تعلیم کا قوم و ملک کی ترقی سے گہرا تعلق ہے۔ ہر بچے کی اپنی شخصیت ہوتی ہے، ضروری نہیں ہے کہ ہر بچہ تعلیم کے شعبے میں ہی آگے ہو، کوئی بچہ کھیل کود میں آگے ہوتا ہے، کوئی بچہ Painting, Drawing اور Computer Science میں بہت آگے ہوتا ہے۔ کچھ بچے بہترین Game Programming کر سکتے ہیں۔ اس لئے بچے پر اپنی سوچوں کو نا لادے، ایسا نا ہو اس بوجھ سے وہ برباد ہو جائے۔ جس بچے کو جس کام میں مزا آئے ان کے ساتھ ایسا ہی سلوک اور ان بچوں کو ویسا ہی ماحول میسر کیا جانا چاہیے۔ اکثر ماں باپ بچوں پر اپنی مرضی مسلط کر دیتے ہیں، اس سے بچے گھٹ کر جینے پر مجبور ہوتے ہیں اور تا عمر ماں باپ کو کوستے رہتے ہیں، اور بعض بڑے ہو کر لعنت و ملامت تک کر دیتے ہیں۔ بچوں کو اس طریقے سے تعلیم دی جانی چاہیے، جس سے ان کی صلاحیتوں اور طرز عمل کو فروغ دینے میں مدد ملے۔ بچوں کو اخلاقی اقدار سکھائی جانی چاہیئے اور ان میں مضبوط اخلاقی معیار ہونا چاہیے۔ ماں باپ کو پیار کرنے والا اور پر امید ہونا چاہیے، ماں باپ اور اساتذہ کو یہ بات ذہن نشین ہونی چاہیئے کہ ہر بچے کی الگ الگ خصوصیات ہے، ماں باپ اور اساتذہ کو ہر بچے کے ساتھ ایک فرد جیسا سلوک کرنا چاہیے۔ تعلیمی نظام کو بچوں کی مہارتوں اور طرز عمل کو فروغ دینے میں مدد کرنے کے لیے ڈیزائن کیا جانا چاہیے۔ بچے بہت سے پیدائشی امکانات اور صلاحیتوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ بچے جو بھی ذریعہ معاش اختیار کریں، انہیں یہ نصیحت کر دینی چاہیئے کہ تمہارے اندر دیانت، محنت اور خدمت خلق ضرور ہونی چاہیئے۔ تم ان سب کو اپنا شعار ضرور بناؤ تا کہ دولت کے ساتھ ساتھ تمہیں ذہنی آسودگی اور اجر و ثواب بھی حاصل ہو۔ بچوں پر اپنی مرضی مسلط کرنا درست نہیں لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ ہم ان کی ہر جائز و ناجائز تمام مطالبات پورے کریں۔ اس میں والدین کو یہ کرنا ہے کہ جب بھی ہمارا بچہ ہم سے کوئی چیز مانگے تو سب سے پہلے یہ دیکھنا ہوگا کہ اس کا مطالبہ درست ہے یا نہیں، اگر اس کا مطالبہ درست ہے تو اسے پورا کیا جائے اور اگر اس کا مطالبہ غلط ہے تو آپ اسے پورا نا کریں۔ اسے سمجھائیں کہ یہ غلط ہے یہ چیزیں اس کے کسی کام کی نہیں ہیں اور جب وہ ان کے لائق ہو جائے گا تو یہ چیزیں اسے دی جائیں گی۔ اس لیے بچوں کی ہر بات پر راضی ہونا بالکل ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اگر والدین ان کی ہر بات ماننے لگیں گے تو مستقبل میں وہ چھوٹی چھوٹی کو بھی ماں باپ سے منوانا شروع کر دیں گے۔ کئی بار ہم سنتے یا پڑھتے ہیں کہ فلاں کالج یا یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے والے ایک بچے نے اپنے والدین کی خواہش پوری کرنے کے لیے خودکشی کر لی۔ پڑھائی کو نہ سمجھنے اور اچھی طرح پڑھائی نہ کرنے کی وجہ سے وہ Depression میں تھا، وہ مسلسل ذہنی دباؤ کی زندگی کو برداشت نہ کر سکا اور زندگی کو خود سے ختم کر لیا۔

آخر میں!

والدین کو کبھی بھی اپنے بچے کا کسی دوسرے بچے سے موازنہ نہیں کرنی چاہیے۔ دوسرے بچوں کو انسپکٹر، انجینئر اور ڈاکٹر بنتے دیکھ کر اپنے بچوں پر انسپکٹر ڈاکٹر یا انجینئر بننے کا ذہنی دباؤ نہ ڈالیں۔ انہیں اپنی مرضی کے مطابق اپنے مقصد کا انتخاب کرنے دیں۔ نتیجہ جو بھی ہو اسے قبول کریں اور بچے کو نا پیٹے اور نا ڈانٹیں، نتیجہ چاہے برا ہی کیوں نہ ہو۔ 13 جنوری 2014ء کو 17 سالہ پریتی کماری جو کہ 11 ویں جماعت کی طالبہ تھی، جو سیکٹر 3B، مکان نمبر 109 کی رہائشی تھی، اس نے خودکشی کر لی۔ 20 جنوری 2014ء کو 25 سالہ جیوتسنا کماری، جو چندوادیہ کی رہنے والی تھی، اس نے TET میں فیل ہونے کی وجہ سے خودکشی کر لی تھی۔ 25 فروری 2015ء کو نویں جماعت کی طالبہ پلوی کماری نے ایک سبجیکٹ میں اچھی کارکردگی نا ہونے کی وجہ سے پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ سٹی سنٹر این ون کے رہائشی ادیان کمار نے پڑھائی کا بوجھ نا جھیل پانے کی وجہ سے پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ دہلی سے سٹے ایک شہر کے محمد زاہد نے 12 ویں کے امتحان میں صرف ایک سبجیکٹ میں فیل ہونے کے سبب پھانسی لگا لی۔ یہ پایا گیا ہے کہ 14 سے 19 سال کی عمر کے طلباء میں مقابلہ جاتی اور بورڈ کے امتحانات کے دوران خودکشی کی کوششیں زیادہ عام ہیں۔ ان بچوں کی زیادہ تر مائیں گھریلو خواتین نہیں بلکہ کام کرنے والی خواتین ہیں، جو اپنے بچوں پر توجہ دینے سے قاصر ہیں۔ ایسے بچے جلد ہی ڈپریشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ 29 اپریل 2016ء کو پولیس نے 21 سالہ رجت کمار سنگھ کی لاش، جو سندری کے رہنے والے اور جی ای ایس کے بی ٹیک کے طالب علم، سیکٹر 8A، گلی-07، مکان نمبر-1279 سے برآمد کی۔ طالب علم نے خودکشی کرنے سے پہلے ایک سوسائڈ نوٹ چھوڑا تھا۔ جس میں اس نے ذکر کیا کہ وہ اب اپنے والد کا پیسہ ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ بی ٹیک کے پہلے اور تیسرے سمسٹر کے امتحانات میں فیل ہونے پر طالب علم نے خودکشی کر لی۔ رجت کی خودکشی کے معاملے میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ وہ انجینئر نہیں بننا چاہتا تھا۔

ضروری قدم!

اگر بچے کی طبیعت میں اچانک کوئی تبدیلی آ جائے تو اس کی وجہ جاننے کی کوشش کریں اور اس مسئلے کو حل کریں۔ جب بچے افسردہ ہوتے ہیں تو وہ کسی سے ملنا نہیں چاہتے۔ خودکشی سے قبل نیند کی کمی، بھوک نہ لگنا، رویے میں تبدیلی، اکیلے رہنے کی عادت، چڑچڑاپن وغیرہ جیسی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ ایسی علامات میں والدین کو ماہر نفسیات سے رجوع کرنا چاہیے۔ بچوں کو بچپن سے ہی محنت کا عادی بنائیں اور انٹر میڈیٹ سے ہی کوئی ہنر سیکھنے یا پیسہ کمانے کے مواقع فراہم کریں۔ آج کل بہت سے نوجوان انٹرنیٹ پر آنلائن کام کر کے پیسہ کما رہے ہیں۔ تعلیم مکمل ہونے اور کسی بہترین پیشے کے حصول سے پہلے نوجوانوں کو کوئی ہنر ضرور سیکھنا چاہیئے اور اس کو استعمال میں لا کر پیسہ ضرور کمانا چاہیئے۔

بچوں کو ان کی صلاحیتوں اور صلاحیتوں کی بنیاد پر اہداف کا انتخاب کرنے دیں۔

## صحافت کے میدان میں گاندھی جی کا کردار

رحمت اللہ: متعلم شعبہ ترسیل عامہ وصحافت مانو

مادیت کے موجودہ دور میں جب اخلاق و کردار کا ہر طرف جنازہ اٹھ رہا ہیں تو گاندھی جی کو بے اختیار یاد کیا جاتا ہے گاندھی جی کی صحافت نہ صرف اپنے وقت کے پیشہ ورانہ معیار پر مکمل اترتی ہے بلکہ انہوں نے صحافت کو حقیقی معنوی میں ملک اور سماج کے مفادات سے جوڑنے کا کام بھی کیا گاندھی جی نے اپنے تجربات کو سچائی اور اپنے خیالات کو عوام تک پہنچانے کے لیے صحافت کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گاندھی جی کا ابلاغ کسی خاص طبقے تک محدود نہیں تھا وہ اپنی صحافت کے ذریعے سماج کے ہر طبقے تک پہنچانا چاہتے تھے ان کی زبان اور اسلوب انتہائی سادہ اور اسان تھا جو معاشرے کے ہر طبقے کے لیے قابل فہم تھا گاندھی جی نے اپنی صحافت کے ذریعے قومی تحریک آزادی کو عوام تک پہنچایا اور اس کی بدلے میں صحافت نے گاندھی جی کو اور عوام تک پہنچایا گاندھی جی My Experiments With Truth میں وہ لکھتے ہیں کہ ہندوستانی رائے میری زندگی کا ایک لازمی حصہ رہی ہے ہفتے کے بعد میں نے اس کے مختلف کالموں میں اپنی روح ڈال دی گاندھی جی کی صحافت کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ ان کی صحافت کا مقصد ملک اور سماج کی ترقی تھی جس سماج میں گاندھی جی رہتے تھے اس کی ترقی نہیں تھی گاندھی جی جانتے تھے کہ میرا سماج ان لوگوں سے نظر میں نظر ڈال کر بات کر سکے ان کا یہ شدید احساس تھا کہ اج ہندوستانی عوام جس قسم کی ناخواندگی کے توہم پرستی اور بری عادتوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں جس طرح کی تنگ نظری میں رہ رہے ہیں وہ کس قدر کمزور اور محتاج ہو چکے ہیں حقیقت میں میرا عوام ایسا نہیں ہے اگر وہ دنیا کے سامنے سر اونچا کر کے نہیں چل سکتے تو اس کی کوئی وجہ ضرور ہوگی اس لیے وہ اپنی زندگی میں ہندوستان اور اس کے لوگوں کو ایک ایسی جگہ پر کھڑا دیکھنا چاہتے تھے جہاں سے وہ دنیا کی انکھوں میں براہ راست دیکھ سکیں اس لیے گاندھی جی ہندوستانیوں کو دماغ اور دولت سے مضبوط بنانا چاہتے تھے اسی وجہ سے گاندھی جی مغربی تعلیم کی مخالفت کی گاندھی جی نے محسوس کیا کہ ہندوستانیوں کو جس طرح کی مغربی تعلیم دی جا رہی ہے اس سے ہندوستانیوں کی عزت نفس کو نقصان پہنچائے گا کندھے جی کا خیال تھا کہ ہندوستانی دولت کے ذریعے مضبوط تو بن سکتے ہیں لیکن جب تک وہ اندر سے خود انحصار ہو جائیں گے وہ آنگریزوں کے انکھوں میں آنکھیں ڈال کر ان سے بات نہیں کر سکیں گے اس لیے گاندھی جی چاہتے تھے کہ ہندوستانی مجموعی طور پر ترقی کرے اس کو حاصل کرنے کے لیے ہندوستانی طرز زندگی کو قائم مقام کرنا ضروری تھا ان تمام مقصد کے حصول کے لیے وصحابت کے میدان کو سب سے بڑا ہتھیار سمجھتے تھے گاندھی جی کی قانون کی تعلیم کے لیے لندن جانے گئے وہ اپنی زندگی کے مقصد کے بارے میں سوچا تو انہیں صحافت کی ضرورت محسوس ہوئی گاندھی جی 188 میں لندن گئے اس وقت ان کی عمر 19 سال تھی اس سے پہلے انھوں نے اخبار نہیں پڑھا تھا کٹھاواڑ سماچار میں جب ان کی ہندوستان سے لندن جانے کی خبر شائع ہوئی تب انہیں اخبار کی اہمیت اور طاقت کا احساس ہوا 1890 میں ان کے چھ مضامین لندن کے سبزی خور سوسائٹی کے جریدے The Vegetarian میں شائع ہوئی ہے یہ مضامین نہ صرف ہو سبزی خور کی اہمیت پر تھی بلکہ ہندوستانی طرز زندگی کی اہمیت کو بھی فروغ دیتے تھے لندن میں رہتے ہوئے انہیں ہندوستانی زندگی کو لے کر غور و فکر کرتے تھے گاندھی جی لندن میں رہتے ہی دادا بھائی نوروجی کہ اخبار انڈیا کے لیے مکالمے کے مصنف کے طور پر کام کیا 1891 میں قانون کی ڈگری مکمل کرنے کے بعد ہندوستان واپس اکر ان کی حقیقی صحافت کا اواز جنوبی افریقہ سے ہوا جہاں انہوں نے مشاہدہ کیا کہ جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کے پاس اپنے خیالات کے اظہار کے لیے کوئی پلیٹ فارم نہیں ہے اس لیے انہوں نے 1903 میں انڈین اوپینین کا اغاز کیا وہ بھی صرف ایک زبان میں نہیں بلکہ انگریزی ہندی اور تمل میں شائع ہوا تا کہ ہندوستانیوں کو مضبوط اواز مل سکیں ہندوستان واپس انے کے بعد صحافت کے ذریعے اپنی تحریک کے میدان تیار کیا وہ زبان کی طاقت کو سمجھتا تھے اس لیے اپنے وطن واپس آنے کے بعد گاندھی جی نے چھوٹے بڑے کل چھ, اخبارات شائع کیے اور اس کی تدوین کی ان میں سب سے زیادہ قابل ذکر ستہ گرہی 1919 نوجیون 1919 ینگ انڈیا 1919 ترون بھارت 1921 ہریجن 1933 ہریجن سیوک انہیں 133 اور ہریجن بندھو 1933 ان تمام اخبارات کی بہت ہی اہمیت ہے گاندھی جی نے تمام علاقائی زبانوں کا بھی احترام کرتے تھے جنوبی افریقہ جیسے ملک میں اس نے انگریزی کے ساتھ ہندی گجراتی اور تمل میں بھی اخبار شائع کیا وہ صرف عوام کے پیسوں سے اخبار کے اخراجات پورے کرنے کے حق میں تھے اس لیے ان کے اخبارات میں کوئی اشتہارات نہیں ہوتے تھے خبرات کے اخراجات صارفین کے عطیات سے پورا کرنا تھا انہوں نے کہا کہ اخبارات کے لیے اشتہار لینا ایک اہم برائی بن چکی ہے اس کے نتائج بہت افسوسناک ہیں ایک صرف اخبارات اپنے ادارتی صفحات پر شراب نوشی کے مخالفت کرتے ہیں تو دوسری طرف شراب کی تعریف کرنے والے اشتہار بھی چھاپتے ہیں اس طرح تمبا کو کہ اشتہار اس کے خلاف مضامین شائع کیے جاتے ہیں کتنے اشتہار بے حیائی کو فروغ دیتے ہیں ایسے اشتہار سے خود کو دور رکھنا ہر اخبار کی ذمہ داری ہے اشتہارات کا یہ برا خیال مغرب سے ایا ہے اس لیے گاندھی جی اپنی اخبارات کو اس رجحان سے دور رکھا جب گاندھی جی پر کام کا بوجھ بڑھ گیا اور انھیں اکثر جیل جانا پڑا تو ہریجن کی اشاعت بری طرح متاثر ہوئی اور اسے ہریجن کو بند کرنا پڑا انہوں نے ایک خط میں یہ بھی کہا کہ اگر ہریجن کا سرکولیشن بڑھ کر 12 ہزار تک پہنچ جائے تو یہ خود کفیل ہو جائے گا اور دوبارہ ب جاری کیا سکتا ہے اگرچہ گاندھی جی کی صحافت کو مشنری جرنلزم کہا جاتا ہے لیکن اس سے بڑھ کر یہ ائیڈیا جرنلزم ہے کیونکہ گاندھی جی نے اپنے نظریات کو تشہیر کے لیے صحافت کو ایک ہتھیار کے طور پر چنا تھا شروع میں جب ہوا مغربی اقتدار سے امنے سامنے ائے تو انہوں نے اپنی ہندوستانی اقتدار کے تحفظ کے لیے صحافت کا بیڑا اٹھایا اس کے بعد جب وہ جنوبی افریقہ گئے تو دیکھا کہ وہاں کی گوری حکومت نسل پرستی کے ذریعے تمام سیاہ فام لوگو پر ظلم کرتی ہے اس نے نسل پرستی اور نسلی امتیاز کے خلاف اواز اٹھائی اور اس کے خلاف اخبارات کو بطور ہتھیار استعمال کیا پھر گاندھی جی ہندوستان ائے اور اپنی بقیہ زندگی برطانوی سامراج کے خلاف جدوجہد کے لیے وقف کر دی گاندھی جی نے اس کام کے لیے پورے ملک کو اکٹھا کیا معاشرے کے تقریبا ہر طبقے گاؤں اور شہروں امیر و غریب بادشاہ ہوں اور مہاراجوں اور برطانوی حکومت کے ملازمین کو اس تحریک سے جڑنے کی کوشش کی گئی اس نے نہ صرف انگریزوں پر حملہ کیا بلکہ ان تمام خامیوں کو بھی نشانہ بنایا جو ہمارے اندر تھے اس کا مقصد صرف اپنے اندر اتنی توانائی پیدا کرنا تھا کہ کوئی انگریزوں سے لڑنے کے قابل ہو جائیں اس عظیم کام کے لیے انہوں نے جن ہتھیاروں کا انتخاب کیا ان میں صحافت سر فہرست تھی ہند سوراج کی تشکیل میں مستقبل کے ہندوستان کے تصور کو تشکیل دینے کا منصوبہ ہوا ستہ گراہ اور عدم تشدد جیسے ہتھیار اگر صحافت نہ ہوتی تو گاندھی جی انہیں عوام تک نہیں پہنچا پاتے انہوں نے عدم تشدد کی جدوجہد کے لیے جو طریقہ منتخب کیے وہ خالصتاً ہندوستانی ہیں چرخہ اپواس مون ورات یا بھوک ہڑتال نام کے ہتھیار اتنے مشہور تھے کہ عوام نے انہیں اسانی سے قبول کر لیا اور یہ سب کچھ صحافت کے زور پر ہوا مذہب روحانیت امن اور ہم اہنگی کی سوراج کا قیام یعنی گاؤں کی زندگی معشیت کے ٹرسٹی شپ کے نظریات گاندھی جی کے نظریاتی سفر کے اہم نکات تھے۔ گاندھی جی کے خطوط نے ان تمام نظریات کو آواز دینے کا کام کیا۔ ایسا نہیں ہے کہ گاندھی جی کے اخبارات پورے ملک میں پھیلے تھے۔ اس وقت اتنی توسیع ممکن نہیں تھی۔ لیکن گاندھی جی نے اپنے پیروکاروں کا اتنا بڑا اگروپ بنایا تھا جو ان جیسا سوچتا اور برتاؤ کرتا تھا۔ ان کی روزمرہ کی سرگرمیاں گاندھی جی کی طرح تھیں۔ مثال کے طور پر وہ چرخہ بھی کاتتے تھے، وہ کھادی بھی پہنتے تھے، وہ بھی گاندھی جی کی طرح لکھتے اور پڑھتے تھے اور اخبارات میں مضامین لکھتے تھے یا اپنے اخبار شائع کرتے تھے۔ اس طرح اس نیٹ ورک کے ذریعے گاندھی جی کے خیالات پورے ملک میں پھیل گئے اور تحریک آزادی نے زور پکڑا۔ گاندھی جی کی صحافت پورے ملک میں پھیل گئی، چونکہ وہ خود ایک برانڈ تھے، ان کی اپنی پی آر ایجنسی تھی، وہ سوچ اور عمل میں ایک جیسے تھے، اس لیے ان کے پیغام کو ملک کے کونے کونے تک پہنچنے میں دیر نہیں لگی۔ -واقعی گاندھی ایک جامع صحافی تھے۔




## پیارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے آخری پیغمبر ہیں اب آپکے بعد کوئی نبی نہیں: مولانا محمد راشد دورکھی

پلول میوات (محمد مبارک میواتی) ہریانہ/میوات:-تحفظ دین ختم نبوت میڈیا کی زیر اہتمام ملک بھر میں جاری مشن ختم نبوت کا سلسلہ عروج پر ہے، اسی سلسلے کا ایک پروگرام میوات کی سرزمین پر اقصی ماڈرن پبلک اسکول ضلع فریدآباد میں منعقد ہوا جہاں اسکول کے طلباء طالبات کو ختم نبوت کوئز سوالات وجوابات پر مشتمل کتابچے تقسیم کئے



گئے، اس موقع پر مولانا محمد راشد صاحب نے حاضرین کو مخاطب کر کے تحفظ ختم نبوت کا مفہوم سمجھاتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ایمان کا یقینی جز ہے جس کا یقین دل میں پیوست ہوجانا ایمانی تقاضا ہے جس میں ذرہ برابر کوتاہی ناقابل تلافی نقصان کا سبب ہے لہذا عقائد ونظریات کی تصحیح کیلئے ضرورت ہے اس بات کی کہ بالخصوص آئمہ علما میدانی سطح پر کام کریں اور ملت اسلامیہ کو ہر ممکن بیدار کر کے عقیدۂ توحید ورسالت کیساتھ ساتھ عقیدہ ختم نبوت سے متعلق بھی آشنا کریں، وہیں مفتی محمد عارف دہلوی صاحب نے بھی طلباء طالبات کو عقائد سے متعلق بیدار کیا اور تفصیلی طور پر اہم گفتگو فرمائی، خیال رہے اسکول کے طلباء طالبات نے عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے ختم نبوت کوئز میں حصہ لیا نیز یہ عزم کیا کہ مستقل اب ہم اس مشن پر بیداری سے لگے رہیں گے ان شاء اللہ، اس پرمسرت موقع پر اسکول کے پرنسپل عالی جناب جاوید احمد نے ادارے کے وفد کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے ادارے کی خدمات کو سراہا اور خوب دعاؤں سے نوازا وہیں اس موقع پر مولانا محمد زکریا قاسمی مفتی محمد عارف دہلوی قاری محمد شکیل صاحب مولانا محمد ساجد صاحب حافظ مبارک وغیرہ موجود رہے










## سوئگی، زوماٹو اور ایمیزون کے ڈیلیوری ورکرز نے ایک دن کی ہڑتال کی

پٹنہ، 28 جنوری، 2025: گِگ ورکرز ایسوسی ایشن (جی آئی جی ڈبلیو اے) اور ایمیزون انڈیا ورکرز یونین کی کال پر دارالحکومت پٹنہ کے ڈیلیوری ورکرز نے ایک روزہ ہڑتال کی۔ Swiggy، Zomato، Amazon جیسی کئی کمپنیوں سے وابستہ ہزاروں ڈیلیوری ورکرز نے اس میں حصہ لیا۔ ہڑتال کی وجہ سے پٹنہ کے بڑے علاقوں جیسے بورنگ روڈ، پاٹلی پترا، ساگونا موڑ، کنکر باغ اور دیگر



علاقوں میں ڈیلیوری خدمات متاثر رہیں۔ کمپنیوں نے ہڑتال اور دھرنے روکنے کے لیے کئی کوششیں کیں۔ Zomato نے ڈیلیوری ڈرائیوروں کو 500,2 روپے کی آمدنی اور 300 روپے کی خصوصی ترغیب کے ساتھ لالچ دیا، جبکہ Swiggy نے 275 روپے کا بونس پیش کیا۔ اس کے باوجود ڈیلیوری ورکرز اپنے مطالبات پر ڈٹے رہے۔ دن بھر شہر بھر میں کئی ریستوراں اور ای کامرس کمپنیوں کی ایپس پر ڈیلیوری از ناٹ دستیاب" پیغام نظر آتا رہا۔ ڈیلیوری ورکرز نے گارڈنی باغ کے برسامنڈا چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا اور اپنے مطالبات کے حق میں نعرے لگائے۔ انہوں نے گگ ورکرز کے لیے کم از کم اجرت طے کر کے مستحکم ریٹ کارڈ نافذ کرنے، مہنگائی کی شرح کے مطابق ریٹ کارڈ میں سال میں دو بار اضافہ یقینی بنانے، گگ ورکرز کو ای ایس آئی اور پی ایف کی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ورکرز کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ حادثے کی حفاظت کے لئے قانون۔ اس کے علاوہ انہوں نے ٹھمٹم کارکنوں کے لیے مرکزی قانون کے نفاذ کا مطالبہ کیا اور کہا کہ تمام ٹمٹم کارکنوں کو ملازمین کا درجہ دیا جانا چاہیے۔ ایک سہ فریقی بورڈ تشکیل دیا جائے جس میں کمپنیوں، جیگ تنظیموں اور حکومت کے نمائندے شامل ہوں۔ کمپنیوں کی طرف سے ڈیلیوری ورکرز کے کارڈ بلاک کرنے کا یکطرفہ عمل بند کیا جائے۔ ڈیلیوری ورکرز کے لیے کم از کم اجرت لاگ ان اوقات کی بنیاد پر مقرر کی جائے۔ گگ ورکرز ایسوسی ایشن کے بہار انچارج ابھیشیک کمار نے کہا کہ کمپنیوں نے پولیس کی مدد سے ہڑتال کو روکنے کی کوشش کی۔ کارکنوں کو دھمکیاں دی گئیں لیکن تمام کارکن اپنے مطالبات پر ڈٹے رہے۔ ایمیزون انڈیا ورکرز یونین کے قومی صدر دھرمیندر کمار نے اس ہڑتال کو تاریخی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گگ ورکرز کو آئین کے آرٹیکل 19 کے تحت تنظیم سازی اور تنظیمیں بنانے کا بنیادی حق حاصل ہے۔ کمپنیوں نے اس حق کو بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ ابھیشیک کمار نے کہا کہ ڈیلیوری کارکن 12-14 گھنٹے کام کرتے ہیں اور بروقت ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالتے ہیں۔ اس کے باوجود انہیں سماجی تحفظ، انشورنس یا حادثات سے تحفظ جیسی سہولیات نہیں ملتی ہیں۔









